CAIR NEW JERSEY

اپنے حقوق سے متعلق جانیں

ICE سے ملاقاتیں

بحران کی صورت میں آپ کے باخبر اور بااختیار رہنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے CAIR-NJ کی جانب سے گائیڈ

cair-nj.org

ice کیا ہے؟

محکمۂ ہوم لینڈ سیکورٹی (Department of Homeland Security, DHS) میں متعدد ادارے شامل ہیں–امریکی شہریت اور امیگریشن کی سروسز (USCIS)، کسٹمز اینڈ بارڈر پروٹیکشن (CBP)، اور ICE۔ امریکی امیگریشن اور کسٹمز کے نفاذ کا ادارہ (ICE) امریکہ میں امیگریشن قوانین کے نفاذ کا ذمہ دار ہے، جن میں درج ذیل شامل ہیں گرفتاریاں، حراستی کارروائیاں، جلاوطنی، اور انخلاء کی کارروائیاں۔

شناخت کی تصدیق کریں

اگر کوئی بھی فرد ICE سے ہونے کا دعویٰ کرتا ہے تو آپ کو اجازت ہے کہ آپ سوالات پوچھیں۔ ان سے استفسار کریں کہ وہ کون ہیں اور وہ کون سے ادارے کی نمائندگی کرتے ہیں؛ اگر کوئی فرد ICE سے ہونے کا دعویٰ کرتا ہے، تو اس سے کہیں کہ شناخت ظاہر کرے۔ براہ راست سوال کریں: استفسار کریں کہ وہ کون سے ڈپارٹمنٹ کے ساتھ کام کرتے ہیں اور وہ وہاں پر کس مقصد سے آئے ہیں۔

اگرچہ ICE کے ایجنٹس سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ بطور فیڈرل ایجنٹس اپنی شناخت کروائیں، ایسا کرنے کی کوئی واضح قانونی شرط نہیں ہے کہ وہ کسی سے سوالات پوچھنے کے لیے قریب آتے ہی فوراً اپنی شناخت ظاہر کریں۔ تاہم، محکمۂ ہوم لینڈ سیکورٹی کے ضابطہ جات میں یہ وضاحت کی گئی ہے کہ "جوں ہی ایسا کرنا عملی طور پر ممکن اور محفوظ ہو" تو ICE کے ایجنٹس کو اپنی شناخت کروانی چاہیئے اور ان کے تعامل کی وجہ بیان کرنی چاہیئے۔ اگر وہ گرفتاری کر رہے ہیں، تو انہیں اس فرد کو گرفتاری کی وجہ کے بارے میں مطلع کرنے کی ضرورت ہے۔

ایمرجنسی روابط

- نئے امریکیوں کے لیے NJ دفتر حراست اور جلاوطنی کا دفاعی اقدام 973-474-9861
- LSNJ کی قانونی سروسز کی ہاٹ لائن: LSNJ-LAW (1-888-576-5529)-1-888
- AFSC کا نیو جرسی کے تارکین وطن کے حقوق کا پروگرام irpnewark@afsc.org 215-241-7000
- CUNY CLEAR کا تارکین وطن اور غیر امریکی شہریوں کے حقوق کا کلینک cunyclear@law.cuny.edu 718-340-4558

نوٹ: اپنے امیگریشن وکیل کا فون نمبر اور اپنے ایمرجنسی روابط ذہن نشین کر لیں۔ بول چال کو مؤخر کرنے کے لیے ICE کو کسی وکیل کا نام اور فون نمبر فراہم کرنا ضروری ہے۔

اعلامیہ: CAIR-NJ امیگریشن کے معاملات میں قانونی نمائندگی فراہم نہیں کرتی، لیکن جب موزوں ہو تو ہم آپ کو نجی امیگریشن اٹارنیز سے منسلک کر سکتے ہیں اور وکالت کی معاونت فراہم کر سکتے ہیں۔

یہ مواد محض تعلیمی مقاصد کے لیے ہے اور یہ قانونی مشورے کا نعم البدل نہیں ہے۔

NJSBF

ابتدائی طور پر اس پروجیکٹ کو نیو جرسی اسٹیٹ بار فاؤنڈیشن کی جانب سے مشترکہ طور پر سپانسر کیا گیا تھا اور بار آف نیو جرسی کے IOLTA فنڈ کی جانب کی گئی فنڈنگ کے ذریعے ممکن بنایا گیا تھا۔

کون خطرے کی زد پر ہے؟

- ویزہ ہولڈرز (خصوصاً F، J، H، وغیرہ۔)
- پناہ کے متلاشی اور DACA کے وصول کنندگان
- بغیر قانونی کاغذات کے مقیم افراد
- ایسے افراد جو زیر التواء اسٹیٹس کی ایڈجسٹمنٹس کے حامل ہیں۔
- ماضی میں جرائم کی سزائیں اور عدالت میں پیشی سے غیر حاضری خطرے میں اضافے کا باعث بنتی ہیں۔

اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کا اسٹیٹس کیا ہے – شہری، رہائشی، طالب علم، یا ویزہ ہولڈر– امریکہ میں موجود ہر فرد کو آئین کے تحت تحفظ حاصل ہے، جس میں منصفانہ عدالتی کارروائی اور پرامن سیاسی سرگرمی کے حقوق شامل ہیں۔ ہم قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عوامی تحفظ میں کردار ادا کرنے کی قدر کرتے ہیں اور کسی بھی خطرناک سرگرمی کی اطلاع دینا کمیونٹی کے تحفظ کے لیے ایک مذہبی اور اخلاقی فریضہ ہے۔ بیک وقت، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاملات کے دوران اپنے قانونی حقوق سے متعلق جاننا اور انہیں بروئے کار لانا، نیز آزادی اظہار رائے کے ہمارے حق سے متعلق جاننا بھی ضروری ہے۔

ICE کو کس چیز کی ضرورت ہے؟

ICE کے حکام عوامی مقامات میں داخل ہو سکتے ہیں، لیکن ICE کے حکام کسی گھر یا کام کی نجی جگہ میں محض صرف اسی وقت داخل ہو سکتے ہیں کہ جب ان کے پاس درج ذیل میں سے کوئی ایک چیز موجود ہو:

مؤثر عدالتی وارنٹ: یہ کسی جج (نہ کہ ICE افسر) کا دستخط شدہ ہونا لازم ہے تاکہ یہ مؤثر ہو اور اس پر واضح طور پر "عدالتی وارنٹ" لکھا ہونا چاہیئے۔ انتظامی وارنٹ داخلے کا اختیار فراہم نہیں کرتا۔

آپ کی رضامندی: آپ رضاکارانہ طور پر انہیں اندر داخل ہونے یا تلاشی کی اجازت دینے سے متعلق رضامندی کا اظہار کرتے ہیں۔ آپ کے لیے ایسا کرنا لازمی نہیں ہے!

مختلف دستاویزات ملاحظہ کرنے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا bit.ly/warrant-types پر جائیں، یہ سہولت قومی امیگریشن کے قانونی مرکز کی جانب سے پیش کی گئی ہے۔

اگر آپ کو حراست میں لیا جاتا ہے تو

خاموش رہیں

آپ کو کسی بھی قسم کے سوالات کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے، بشمول آپ کے امیگریشن اسٹیٹس سے متعلق۔

کسی وکیل سے بات کریں

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ ICE کے ایجنٹس سے بات کرتے وقت آپ کے پاس کوئی وکیل موجود ہو۔ ICE وکلاء فراہم نہیں کرتا۔ کسی وکیل سے بات کیے بغیر کبھی بھی کسی چیز پر دستخط نہ کریں۔ آپ کو آپ پر لگائے جانے والے الزامات سے متعلق جاننے اور کسی امیگریشن جج کے سامنے سماعت کا حق حاصل ہے۔

فون کال کی درخواست کریں

اگر آپ غیر ملکی شہری ہیں تو آپ اپنے ملک کے قونصل خانے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اوامر و نواہی

اگر آپ باہر ہیں اور آپ کو لگے کہ امیگریشن کے افسران قریب ہی کہیں موجود ہیں تو کسی محفوظ اندرونی جگہ پر چلے جائیں۔
اس امر کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی وارنٹ جج کی جانب سے دستخط شدہ ہو۔
رابطہ کاران کی مدد سے تحفظ سے متعلقہ پلان تخلیق کریں۔
اگر ICE حکام نظر آئیں تو معلومات ریکارڈ کریں۔
اسٹیٹس کا ثبوت ہمراہ رکھیں۔
پرسکون رہیں۔
ICE کے ایجنٹس سے جھوٹ بولنے سے گریز کریں۔
پریشان ہونے، بھاگنے، یا مزاحمت/لڑائی کرنے سے گریز کریں۔
تفتیش میں مداخلت کرنے یا بصورتِ دیگر اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنے سے بچیں۔
فریقین ثالث کے ساتھ اپنے اسٹیٹس کا اشتراک کرنے سے گریز کریں۔ یہ کوئی دوست، ہمسایہ، یا گزرنے والا کوئی واقف کار بھی ہو سکتا ہے۔ صرف آپ کے امیگریشن اٹارنی کو آپ کے کیس کی مکمل تفصیلات سے آگاہ ہونا چاہیئے۔

تفتیش کے لیے بہترین اقدامات

- آپ کو سوالات کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کہیں: "میں خاموش رہنے کے اپنے حق کا استعمال کر رہا/رہی ہوں۔" آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔ ہمیشہ پوچھیں: "کیا میں جانے کے لیے آزاد ہوں؟" اگر ہاں، تو آپ جا سکتے ہیں۔
- واضح طور پر کہیں: "میں اپنے وکیل کے بغیر کسی بھی قسم کے سوالات کا جواب نہیں دوں گا/گی۔" تاہم، آپ کو اپنے وکیل کا نام اور فون نمبر لازمی طور پر فراہم کرنا ہو گا۔ یہ ICE کے لیے خاص ہے اور یہ عام پولیس کی طرح نہیں ہے۔
- کبھی بھی جھوٹ نہ بولیں۔ کسی قانون نافذ کرنے والے ادارے سے جھوٹ بولنا جرم ہو سکتا ہے –خواہ آپ کوئی چیز درست طور پر یاد نہ بھی رکھ سکیں۔ اسی لیے نہ بولنا، جو تاخیر کا باعث بن سکتا ہے، بولنے کی نسبت بہتر ہو سکتا ہے۔
- اگر وہ گھر پر پہنچ جائیں: دروازہ مت کھولیں۔ آپ کہیں: "براہ کرم اپنا ID اور بزنس کارڈ دروازے کے نیچے سے اندر کریں۔"
- اگر آپ کو گرفتار کر لیا گیا ہے یا حراست میں لے لیا گیا ہے تو: سوالات کا جواب مت دیں۔ جلد از جلد کسی وکیل کو کال کریں۔
- آپ کو فلم بنانے کا حق حاصل ہے: جب تک کہ یہ ان کے کام میں مداخلت کا باعث نہ بنے، آپ عوامی مقامات میں ایجنٹس کی ریکارڈنگ کر سکتے ہیں۔

اگر ICE حکام نظر آئیں

- اگر ان کے پاس عدالتی وارنٹ نہ ہو، تو انہیں داخلے کی اجازت نہیں ہوتی، اور آپ کہہ سکتے ہیں کہ "میں آپ کے داخل ہونے کی رضامندی نہیں دیتا/دیتی۔" آپ دروازہ کھولے بغیر اس کے ذریعے ان سے بات کر سکتے ہیں اور ان سے وارنٹ دروازے کے نیچے سے اندر پھینکنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔
- استفسار کریں: "کیا آپ کی پاس کسی جج کی جانب سے دستخط شدہ وارنٹ موجود ہے؟" ICE کی زیادہ تر دستاویزات مؤثر عدالتی وارنٹ نہیں ہوتیں (جیسا کہ، انتظامی فارمز یا DHS نوٹسز)۔
- ملازمین اپنے اسٹیٹس کے لحاظ سے گروپس میں تقسیم ہونے سے انکار کر سکتے ہیں۔
- کسی اٹارنی سے رابطہ کریں اور فوری طور پر داخلی امور کے موزوں ڈویژن میں شکایت درج کروائیں۔